الجامعۃ البنوریۃ العالمیۃ
متصل سائٹ تھانہ - پی او بکس نمبر ۱۰۶۹۸ کراچی پاکستان
دار الافتاء والقضاء
ای میل: darulifta@gmail.com ویب سائٹ: www.jamiabinoria.net فون: 2560300-2560400 فیکس: 2564586

MODE: **Regular**

Name	:	**sayyid mazhar nadwi**	Serial No	:	**19407**
Address	:	**indore madhyapradesh india**	Date	:	**5/7/2013**
Subject	:	**NAMAZ**	Contact No:		
Writer	:	محمد مطیع اللہ	Email	:	

al salamu alaykum masjid ka ek hissa jo pahle rasta tha aur ab us men namaz hoti hai - sadar /mutawalli sahib kahte hain keh hum ne to bus yah niyyat ki thi keh ab us hisseh men bhi namaz hogi- commette ke baz log kahte hain keh hum ne us hisseh ko shar,ee masjid men dakhil naheen kiya tha- ab kis ki bat maani jae? Wa aalsalam mzhar nadwi

مسجد کا ایک حصہ جو پہلے راستہ تھا اور اب اسمیں نماز ہوتی ہے، متولی صاحب کہتے ہیں کہ ہم نے تو بس یہ نیت کی تھی کہ اب اس حصہ میں بھی نماز ہوگی، کمیٹی کے بعض لوگ کہتے ہیں ہم نے اس حصہ کو صریح مسجد میں داخل نہیں کیا تھا۔ اب کس کی بات مانی جائے؟

الجواب حامداً ومصلیاً

اگر وہ عام راستہ ہو تو محض متولی کے یہ کہہ دینے سے کہ "اب اس حصہ میں نماز ہو گی" وہ مسجد نہیں بنے گا۔ اور اگر وہ موقوفہ حکم میں سے ہی کوئی راستہ ہو اور بضرورت اُسے مسجد میں شامل کرلیا گیا ہو، اور اسمیں نماز بھی پڑھی جارہی ہو تو وہ مسجد کا حصہ بن گیا ہے، اب بعض لوگوں کا یہ کہنا کہ "ہم نے اسکی تصریح نہیں کی" اس کا اعتبار نہیں۔

فی الھندیہ:- متولی المسجد اذا جعل المنزل الموقوف علی المسجد مسجداً وصلی الناس فیه سنین ثم ترك الصلوة فیه وأعید منزلاً مستغلاً جاز، لان المتولی وان جعله مسجداً لا یصیر مسجداً۔

(فتاویٰ قاضی خان علی ھامش الفتاوی العالمگیریه ج۳/ ص۲۹۱)

فی الشامیة:- وبالصلاة بجماعة یقع التسلیم بلا خلاف، حتی أنه اذا بنی مسجداً واذن للناس بالصلاة فیه جماعة، فانه یصیر مسجداً اھ - (۴/۵۴۰، ص۳۶۶)

واللہ اعلم
محمد مطیع اللہ عباسی
دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی
۱۴۳۵/۷/۱ھ

الجواب صحیح
بندہ [illegible]
دار الافتاء جامعہ بنوریہ
۵ ربیع الثانی ۱۴۳۵ھ

الجواب صحیح
بندہ نادر جان [illegible]
دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی

دار الافتاء ۱۹۴۰۷ ۱۴۳۵/۷/۸

نائب رئیس دار الافتاء جامعہ بنوریہ العالمیہ

9/2/14